مستحب بدعتی کو تا ہے قبول	ایسے ہی کہتے ہیں اوسکو بیلک	تا ہمیں بدعتی کرنا ہے روا	فضل و سنت یہی کہ ہو خدا
سمجھے جو مومن کسی ہو ای ہی تمام	عقیده		کہ یہ کیا کہ ہو شیطان کا عیاذ
ہو گناہ جو کوئی جانے حلال	عقیده		کفر میں ہوتے نہیں کچھ بھی خطا
ہر صغیره یا کبیره ہو کبھی	عقیده		دونوں کے دین میں برابر ہو لی
شرع کی باتوں پہ ٹھٹھا کفر ہے	عقیده		روکے کہ ...
کفر کے الفاظ سمجھے میں کوئی	بے تکلف ہو لیا جائے گر کوئی	کفر ہے اوسکا نہیں کچھ کلام	کر سمجھے جو عقل ہے اس سے سلام
لیک گر ہو وے نشے میں آدمی	عقیده		کفر ہوتے نہ تو بھی ...
ہو کہے غیب کی تم کو خبر	پھر اوسے سچا کہے کوئی بشر	کفر ہے بابا تو اوس سے بچو	خوف اللہ کا ذرا دل میں کرو
ناامیدی رب سے ہے کفر ای جوان	عقیده		دین بھی اس سے ہے کفر تو مومنان
کیونکہ ایمان ہے رجا اور خوف میں	مومنوں کو چاہیے دونوں کہیں	اہل سنت کے عقائد ہو چکے	جسکو شک ہو وہ کتب میں دیکھ لے

تمام شد نسخہ ... بیان تصنیف مولانا عبد الولید نام پور سے

ترجمہ پنج کلمہ و سید الاستغفار در نظم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ	نہیں کوئی لائق عبادت کے سوا اللہ کے	نہیں کوئی معبود رب کے سوا	کہ جا میں عبادت کے اوسکو بنا
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ	محمد رسول ہیں اللہ کے	محمد رسول خدا ہیں بحق	اشارہ یہ سے جگے ہوا مشتق
اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ	گواہی دیتا ہوں اسکی کہ نہیں کوئی لائق عبادت کے مگر اللہ		گواہی میں دیتا ہوں اس بات کی
نہیں ہے سزا اسکے عبادت کوئی	بجز رب عالم کے ای مہربان	کیا جسنے پیدا یہ سارا جہان	وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ
اور گواہی دیتا ہوں اسکی کہ محمد بندے اللہ کے ہیں اور رسول اوسکے		اور اسکی کہ محمد ہیں صاحب رسول	خدا کے ہیں بندے وہ سبکے رسول
سُبْحَانَ اللّٰهِ	پاک ہے اللہ	خدا ہی ہے پاک ہر عیب سے	جو آفت ہے ...
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ	اور سب تعریف ہے اللہ کو	اوسی کو ہے حمد اور اوسی کو ثنا	لقا ہر کرین کر کسی کو ثنا
وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ	اور نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے	نہیں ہے سزا عبادت کوئی	بجز خالق دو جہان ای ولی
وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ	اور اللہ بڑا ہے اور نہیں ہے ... یعنی کسی کی طاقت اور نہیں ہے طاقت		
یعنی بندگی پر مگر ساتھ مدد اللہ بڑے بزرگ کے		خدا ہی ہے سب جہان سے بڑا	...

الٰہی جہان عصیان سے کوئی بشر — کہ بے احتیاطی سے وہ در گذر
بچے ایسے نہیں ہے کوئی — کہ لائق عبادت کے تیرے کبھی
خدا تو ہے اوسکا ہمسر نہیں — کوئی دوسرا اوسکا ہمسر نہیں

اوسیکا ہے ملک اور اوسیکو سب تعریف اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے

اللّٰھم انی اعوذ بک — اے بار خدا تحقیق مین پناہ مانگتا ہون تجھسے

من ان اشرک بک شیئا وانا اعلم بہ

کہ کیونکر کہون ساجھی تیرا مین کریم — اور اوسپر مجھے علم ہو ای رحیم
طلب کرتا ہون بس مین بخشش تری — اب اوسپر کہ ناشی ہو جو مجھسے ہوئی
کرے ہے توبہ اوس سے ابھی — تو میرے گنہ بخش دے سبھی

الٰہی بیزار ہون مین کفر اور شرک سے اور سب گناہون سے

واسلمت وآمنت واقول لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ

مین اسلام ایمان لایا ہون اب — یہ کہتا ہون کلمہ پاک بہی روز و شب
خدایا تو ہی پاک رب ہے میرا — نہیں کوئی معبود تیرے سوا
مجھے تجھ نے پیدا کیا ای کریم — مین بندہ ہون تیرا تو میرا رحیم
اور اب مین تیرے عہد پر ہون کھڑا — اوسی عہدے پر ہون مین قائم رہا
مجھے جب تلک ہے طاقت ذرا — مرے تن مین ہے روح کی کچھ ہوا
تجھی سے مین ہون چاہتا پناہ — بدی سے گناہ کی مرے اله
مین اقرار کرتا ہون ای رب مرے — تری نعمتون کا جو ہین مجھے
اور اپنے گنہ پر مین ہون گا مقر — تو ہی بخش مجھکو کہ ہون مقر
سوا تیرے ہے کون ای کبریا

لا الٰہ الا اللّٰہ — نہیں کوئی لائق عبادت کے سوا اللّٰہ کے

وحدہ لا شریک لہ اکیلا وہ نہیں کوئی ساجھی اوسکا یعنی عبادت اور...

لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر

اوسیکا ہے ملک اور اوسیکو ثنا — وہی جملہ اشیا پہ قادر ہوا
مین ہون مانگتا تجھسے ہر دم پناہ — بچا رکھیو اس سے مجھے ای اله

اس سے کہ شریک کرون مین ساتھ تیرے کسی چیز کو اور مین جانتا ہون اوسکو

واستغفرک لما لا اعلم بہ اور بخشش چاہتا ہون تجھسے اوسکی کہ نہ جانتا ہون مین اوسکو

تبت عنہ — توبہ کی مینے اوس سے

وتبرأت من الکفر والشرک والمعاصی کلہا

مین بیزار ہون کفر اور شرک سے — اور اب سب گناہون سے ای رب غفر

اور اسلام لایا اور ایمان لایا اور کہتا ہون مین لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ

اللّٰھم انت ربی لا الٰہ الا انت اے بار خدا تو ہے رب میرا نہیں کوئی لائق عبادت کے مگر تو

خلقتنی وانا عبدک پیدا کیا تو نے مجھکو اور مین بندہ ہون تیرا

وانا علی عہدک ووعدک اور مین اوپر عہد تیرے کے اور وعدہ تیرے کے

ما استطعت جب تک طاقت رکھتا ہون

اعوذ بک من شر ما صنعت پناہ مانگتا ہون مین ساتھ تیرے بدی اوسکی سے جو کیا

ابوء لک بنعمتک علی اقرار کرتا ہون مین واسطے تیرے ساتھ نعمت تیری کے جو اوپر میرے

وابوء بذنبی فاغفر لی اور اقرار کرتا ہون مین ساتھ گناہ اپنے کے پس بخش مجھکو

فانہ لا یغفر الذنوب الا انت پس تحقیق نہیں بخش سکتا گناہون کو مگر تو

کہ بخشے گناہان اہل خطا

الحمد للّٰہ کہ نسخہ احکام الایمان حاوی عقائد مع ترجمہ پنج کلمہ و استغفار از تصنیفات مولانا عبد الواحد رامپوری باہتمام
محمد عبد الرحمٰن بن حاجی محمد روشن خان غفر لہما المنان مطبع نظامی واقع کانپور مین دوسری بار طبع ہوا

مسائل ثمانیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد الوف حمد و شکر بجناب باری عز اسمہ و عم نوالہ و صنوف صنوف نعت بجناب سرور کائنات خلاصۂ کل موجودات حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے التماس پرداز ہے خاکسار ذرہ بے مقدار اضعف العباد و احقر الافراد ردی خلائق سراپا نالائق محمد یعقوب علی محمد علی حنفی المذہب حسن پوری متوطن موضع نیلا ضلع میرٹھ کا خدمت بابرکت میں برادران دینی و ایمانی مجمع تابعین کے کہ جو ہوا تاریخ ہشتم ماہ محرم الحرام سنہ یکہزار و دو صد و شصت و شش ہجری النبوی مقدسہ کو جو کہ جناب آپ و انہ اتفاق بندہ کا بمقام قصبہ پھلت ضلع مظفرنگر میں ہوا اور حسب معمول قدیم قیام کمترین کا مکان حضرت مکرمی معظمی جناب شاہ صاحب قبلہ و کعبہ امم حافظ ذکریا صاحب ادام برکاتہم میں جناب ممدوح بہ نسبت احقر از بس عنایت فرماتے ہیں و توجہ حال و نیز بحسب اتفاق حسن جناب فیض مآب ہادی راہ الیقین داعی شرع متین جیسے ترقی معاملات اسلام باعث احیاء شرائع حضرت خیر الانام موجد امور شرعی مؤید ارشادات نبوی سالک راہ خدا تابع تربیت مصطفوی دافع الشرک والبدعۃ قائم الفرض والسنت قامع وساوس شیطان الرجیم ہادی صراط المستقیم حضرت مولانا و مرشدنا نواب مولوی محمد قطب الدین خان بہادر بن محمد محی الدین خان مغفور متوطن شاہجہان آباد شاگرد رشید حضرت مولانا بالفضل اولانا حاجی محمد اسحاق صاحب مرحوم محدث دہلوی و مفتی جناب حافظ موصوف پر رونق افزا تھے چونکہ احقر کو فیض یابی خدمت فیض درجت مولانا ممدوح کی مدت کثیر سے حاصل تھا گر بباعث مسافت بعید بہم اتفاق تشریف آوری جناب موصوف کی اس طرح میں بہ مدت دراز سے حصول قدمبوسی ذات فائض البرکات اون جناب سے محروم تھا اس مرتبہ از بس سکندر طالع اپنی تصور کرکے ہزاراں ہزار فوائد کو جن ادراک تعداد فہم مقاصد دارین خدمت والا درجت حضرت مولانا صاحب سے حاصل کیے الحاصل بعد الفراغ نماز عشاء کے جو بسبیل تذکرہ حسب باتیں جناب مصدر توجہات و کرم قبلہ و کعبہ اعظم میاں محمد حمایت علی صاحب متوطن پھلت کے کہ اونسے بھی بندہ کو نیازمندی حاصل ہے اکثر مسئلے کتاب احیاء العلوم کہ تالیف عارف باللہ حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی ہے اور اون مسائل میں کہ حاتم اصم تلمیذ حضرت شقیق بلخی رحمۃ اللہ علیہ کا کہ باہم شاگرد و استاد کے سوال و جواب ہوا تھا البتہ جناب مولانا صاحب ممدوح نے بطور درس کے ارشاد فرمائے باللہ ثم باللہ عجب مضمون اوسوقت سنا گیا کہ زبان قلم بیان اوسکا کیا کرے جو واقف کے لیے سینہ پر روشن ہوگا مگر وہ مسئلے کہ زبان عربی میں تھے وقت خیال ذہن کند اگر مضمون اونکا زبان اردو میں ترجمہ ہو تو عموم خلق کا

اکثر عبارت عربی [illegible] فیض سے محروم [illegible] دل مین [illegible] کہ جناب مولانا صاحب نے ارشاد فرمایا
کہ اگر [illegible] تو ان مسائل کو اردو مین ترجمہ کر دیجیے چنانچہ اوس وقت کلام حسب خواہش جلسہ کا مؤید اونکے ارشاد کا ہوا
غرض بموجب ارشاد حضرت ممدوح کے بلا تعمق فکر و بغیر تامل صاف صاف عبارت مین موافق محاورہ مردمان فی زماننا کے ترجمہ مسائل مذکورہ
اردو مین زیب قلم فرما کر مسائل ثمانیہ اوسکا نام تجویز کیا اور نسبت بندہ کے حضور نے خصوصیت ارشاد فرمایا کہ اگر اس رسالے کو طبع کرا دو تو
ممکن ہے کہ اس زمانہ مین اکثر بھائی مسلمان مرد بھی اس سے بہت فائدہ اوٹھاوین کہ اس امر مین کوشش کرنا موجب مغفرت عقبیٰ کا ہے لہذا وہ مسودہ
بندہ کو عنایت فرمایا کہ بجنسہ وہ مضمون آگے لکھا جاتا ہے بفضلہ و کمال کرمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین اما بعد جاننا چاہیے اے بھائیو کہ اللہ تعالی اپنے خاص بندوں کو
سمجھ بوجھ اپنے کلام پاک کی خوب دیتا ہے اور وہ تھوڑا پڑھتے ہین اور عمل بہت کرتے ہین اور حقیقت مین بات یہی کام کی ہے کہ تھوڑا
پڑھیے اور عمل بہت کیجیے اور اگر بہت سی کتابیں پڑھیں لیکن عمل نکیا تو ایسا ہی جیسے گدھے پر کتابیں لادین چنانچہ پاک پروردگار نے
اپنی کتاب کریم مین بعینہ یہ مثال اونکے بیان فرمائی ہے سورۂ جمعہ مین مَثَلُ الَّذِينَ حُمِّلُوا التَّوْرَاةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ
يَحْمِلُ أَسْفَارًا یعنی مثال اون لوگوں کی کہ توریت کا علم رکھتے ہین پھر اوس پر عمل نہین کرتے مانند گدھے کے ہے کہ اوٹھاتا ہے کتابیں یعنی
جیسے گدھے کو اپنی پیٹھ پر کی لدی ہوئی کتابوں سے کچھ نفع نہین اور وہ نہین جانتا کہ مجھ پر کیسی کتابین لدی ہین ویسے ہی عالمان
بے عمل کو کچھ نفع علم سے نہین حاصل ہوتا اور وہ بڑے ناقدردان ہین کہ ایسے جواہر نفیس کی کچھ قدر نہین جانتے غرض کہ علم کے
پڑھنے مین نیت و ارادہ عمل کا کرنا ضرور ہے جسقدر پڑھیے اوس پر عمل کیجیے چنانچہ احیاء العلوم مین حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ نے
لکھا ہے کہ حاتم اصم کہ بڑے اولیاء اللہ سے ہین اونکے استاد شقیق بلخی نے اون سے پوچھا کہ تو کتنی مدت سے میرے پاس رہتا ہے
حاتم نے کہا تینتیس برس سے شقیق نے فرمایا کہ کتنا علم سیکھا تو نے اس مدت مین حاتم نے کہا آٹھ مسئلے سیکھے ہین مینے شقیق نے کہا
إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ میری عمر تیرے ساتھ صرف ہو گئی اور تو نے آٹھ ہی مسئلے سیکھے حاتم نے کہا اے استاد جھوٹ بولنا
تو مجھے پسند نہین سچی بات تو یہی ہے مینے سوائے آٹھ مسئلوں کے اور مسئلہ نہین سیکھا شقیق نے فرمایا کہ بیان کر اون آٹھ مسئلوں کو
تا سنوں مین حاتم نے کہا پہلا مسئلہ یہ ہے کہ مینے جو نگاہ کی اس مخلوق کی طرف تو دیکھا مینے کہ ہر ایک دوست رکھتا ہے
محبوب کو یعنی پیاری چیز کو مثلاً کوئی مکان کو دوست رکھتا ہے کوئی عورت کو کوئی لباس کو کوئی باغ کو کوئی بچوں کو کوئی کسی چیز کو
کوئی کسی چیز کو لیکن وہ محبوب اوسکا تا دم زیست ہی ہے بعد مرنے کے قبر مین کچھ ساتھ نہین جاتا جب قبر مین جاتا ہے تو وہ
محبوب جدا ہو جاتا ہے اوس سے پس مینے خیال کیا کہ اس فانی کو کیا محبوب رکھوں پس نیکیوں کو مینے اپنا محبوب کیا
کہ جب مین قبر مین داخل ہوں گا تو میرا محبوب بھی میرے ساتھ جائے گا پس کہا شقیق نے کہ خوب سیکھا تو نے یعنی اچھی
نیکیاں یعنی نماز روزہ حج زکوۃ للہ دینا علم دین پڑھنا پڑھانا وغیر ذلک یہی چیزیں ساتھ جائینگی اور جورو بچے مال و منال تا دم زیستی

اور جناب ذو الجلال کرتے ان بعضے بعضون سے پس رجوع کی مینے اللہ تعالی کے قول کی طرف ان الشیطان لکم عدو فاتخذوہ عدوا یعنی تحقیق شیطان تمہارا دشمن ہی پس کرو اوسکو دشمن پس تین فقط اوسی سے دشمنی باندھی ہے اور کوشش کرتا ہون مین اوس سے بچاؤ کرنے مین لیے کہ اللہ تعالی نے گواہی دی اسپر کہ وہ دشمن میرا ہی پس ترک کی مینے عداوت خلق کی سواے اوسکے اور ساتوان مسئلہ یہ ہی کہ مینے جو خلق کو دیکھا تو دیکھا کہ ہر ایک اون مین سے طالب ہی کثرت مال کا پس ذلیل کرتا ہی اپنے نفس کو اور داخل ہوتا ہی ایسی چیزون مین کہ نہین حلال ہی اوسکے لیے یعنی وجہ حرام سے مال کماتا ہی پھر نظر کی مینے طرف قول اللہ تعالی کے وما من دابۃ فی الارض الا علی اللہ رزقہا یعنی اور نہین ہی کوئی چلنے والا زمین مین مگر کہ اللہ پر ہی رزق اوسکا پس جانا مین کہ مین بھی تو ایک اونھین زمین پر چلنے والون مین سے ہون کہ جسکا رزق ہی اللہ تعالی پر پس مشغول ہوا مین اوس چیز مین کہ اللہ تعالی کیلیے ہی مجھپر یعنی اوسکی طاعت مین کہ مجھپر لازم ہی مشغول ہوا مین اور ترک کی مینے وہ چیز کہ میرے لیے اوسکے پاس ہی یعنی میرے رزق کا کہ وہ متکفل ہی اوسکے لیے کچھ سعی نہین کرتا اور آٹھوان مسئلہ یہ ہی کہ مینے جو خلق کی طرف نظر کی تو دیکھا اونکو کہ کوئی بھروسا کرتا ہی اپنی زمین پر اور کوئی اپنی تجارت پر اور کوئی اپنی کاریگری پر اور کوئی اپنی بدن کی صحت پر پس تمام مخلوق بھروسا کیے ہوئے ہین مخلوق پر یعنی زمین وغیرہ سب چیزین اللہ کی پیدا کی ہوئی ہین اون پر بھروسا کرتے ہین پس مینے رجوع کی اللہ تعالی کے قول کی طرف ومن یتوکل علی اللہ فہو حسبہ یعنی اور جو کوئی بھروسا کرتا ہی اللہ تعالی پر پس وہ کافی ہی اوسکو پس بھروسا کیا مینے اللہ ہی پر پس وہ کافی ہی مجکو پس جب حاتم یہ مسائل بیان کر چکے تو شقیق بلخی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اے حاتم توفیق نیک دیوے تجکو اللہ تعالی مینے نظر کی علم توریت اور زبور اور انجیل اور فرقان عظیم مین یہ مسائل خلاصہ اونکے ہین پس جسنے عمل کیا ان مسائل پر استعمال کیا چارون کتابون مذکورہ کو والحمد للہ اولاً و آخراً و ظاہراً و باطناً وصلی اللہ تعالی علی خیر خلقہ محمد و آلہ واصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین ۔ تمام ہوا مضمون مسائل ثمانیہ کا فقط

خاتمہ کتاب

بھائیو مسلمانو اگر چشم غور سے دیکھو تو فی الحقیقت ان مسائل مین وہ وہ فوائد کوٹ کوٹ کر بھرے ہوئے ہین کہ اگر بعقیدۂ خالص سے ان پر عمل کرے بموجب ان کے کار بند ہو تو لاریب وہ شخص صدیقون مین داخل ہی اور اوسکے لیے توشہ آخرت کا صرف یہی کافی ہی اور اگرچہ بسبب ظاہر یہ مضمون کچھ تھوڑا سا نظر آتا ہی مگر واقع مین بشرط التعمق نظر کے جو دیکھیے تو دریا کو ایک کوزے مین بند کیا ہی اور عمل کے واسطے یہ بھی حکم اکسیر کا رکھتا ہی اور یہ بھی شرط ہی کہ جب جناب باری تعالی جلشانہ اپنے فضل و کرم سے اپنے بندے کو نعمتہاے غیر مترقبہ عطا فرما کر درجات علیا سے ممتاز فرماتے ہین تو تھوڑا سا عمل بھی بہت فائدہ دیتا ہی اور خود بلکہ بغیر شفقت الٰہی کے انسان کیسی ہی عبادت وغیرہ عمل مین لاوے اوسکی جناب مین سب لاحاصل ہونی والی ہی چنانچہ کلام اوس تحقیق

شرح میں بھی کچھ ... من یہد اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ہادی لہ ۔ یعنی جسکو راہ دکھاوے اللہ پس نہیں ہے کوئی گمراہ کرنے والا اسکو اور جو کوئی کہ گمراہ کرے اللہ پس نہیں ہے کوئی راہ بتلانے والا اسکو ترجمہ کیا اسکو ہر بین ... ملک کی ... معنی مولانا ... اول کا مضمون ... اور حال محمد نالائق کا تو یہ ہے جیسا انشاء اللہ خان صاحب فرماتے ہیں شعر تصدق اپنے خدا کے جاؤں یہ پیار آتا ہے مجھکو انشاء ادھر سے ایسے گناہ پیہم ادھر سے وہ دمبدم نوازش ۔ اب خدمت میں سب سامعین و ناظرین کے یہ عرض ہے کہ تنہا تنزل اخلاق سے خلق محمدی کو کا بغور اگر اس تحفۂ تصنیفی محمد یعقوب علی کو بدعائے خیر یاد فرماویں ۔ اللہ جلشانہ بحرمت و توسل شفاعت پر عنایت اپنے محبوب کی کہ لولاک لما خلقت الافلاک تمام اسکا اوس جناب سے ہے اور بطفیل دعا حضرت شقیق بلخی و حضرت حاتم رحمہما اللہ و حضرت امام غزالی اصفہانی مسائل مذکورہ کی اور برکت خدمت فیض و صحبت حضرت مولانا صاحب امام فیض مصنف رحمہ کی اس حقیر پر تقصیر کو گروہ مومنین میں شمار کرکے عطایا خیر سے محظوظ فرماوے اور ان مسائل کے عمل پر سب مسلمانوں کو توفیق عطا فرماوے آمین ثم آمین ۔

خاتمۃ الطبع الحمد للہ کہ مجموعہ تفسیر یعنی رسالہ خلاصۃ العقیدۃ احکام الایمان با ترجمہ کلمۂ سید الاستغفار و ترجمۂ مسائل نماز آخر ماہ جمادی الاولی ۱۳۰۲ ہجری میں علی صاحبہا الصلوۃ مطبع نظامی واقع کانپور محلہ پٹکاپور میں باہتمام محمد عبد الرحمن بن حاجی محمد روشن خان غفر لہما الستار ... کے ... واسطے سند اس امر کے کہ یہ کتاب چھپی ہوئی مطبع نظامی کی ہے مہر و دستخط ہم کے آخر میں ثبت کیے گئے فقط

العبد

محمد عبد الرحمن بن حاجی محمد روشن خان حنفی بقلم خود

قطعۂ تاریخ از منشی انوار حسین صاحب تسلیم سہسوانی

چو شد مطبوع ورقہ این رسالہ	جہان گردید شاد و خلق مسرور
برای سال طبعش فکر کردم	خرد گفتا خلاصۂ چشمۂ نور

۱۳۰۲

تکمیل الایمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہزاراں حمد وثنا ہو خدا کو کیا جس نے ایمان ہمکو عطا ہزارون درود اور لاکھون سلام محمد پہ بھیج اے میرے رب ہم
بعد اسکے حسین علی ابن ناصر علی ولد مولوی فضل اللہ فاروقی جاجموی غفر اللہ لہم ذنوبہم بھائی مسلمانون کی خدمت مین
عرض کرتا ہی کہ ان دنون کتاب سعادت اکتساب تکمیل الایمان تصنیف شیخ عبد الحق محدث دہلوی قدس اللہ سرہ کی بیان عقائد
مین میری نظر سے گذری مین نے بنظر خیر خواہی مسلمانون کے ترجمہ اوسکے خلاصے کا جو خود مصنف نے کتاب کے اخیر مین
لکھا ہی کر دیا تا ہر مسلمان اسکے مطابق اپنا عقیدہ درست کرے کیونکہ بدون درستی عقیدہ کے کوئی کار خیر مقبول نہین ہوتا ہی اور
اگر خدا تعالے توفیق بخشے تو اسکو یاد کرے کے صبح وشام پڑھ لیا کرے اور مصنف ومترجم کو بدعائے مغفرت یاد کرے و
باللہ التوفیق سو ابتدا ترجمے کی کرتا ہون اے خدا انتہا کو پہنچا ۔ حَقَائِقُ الْاَشْیَاءِ ثَابِتَۃٌ حقیقت سب
چیزون کی ثابت ہی فقط وہم وخیال نہین ہی یعنی پانی پانی ہی اور آگ آگ ہی نہ یہ کہ اگر پانی کو شخص آگ کے سمجھے تو آگ ہو جائے
اور آگ کو شخص پانی کر کے سمجھے تو پانی ہو جائے یہ عقیدہ سوفسطائیون کا ہی وَالْعَالَمُ حَادِثٌ اور عالم یعنی جو کچھ سوا
ذات وصفات خدا کے ہی حادث ہی یعنی عدم سے وجود مین آیا ہی قدیم نہین وَهُوَ قَابِلٌ لِلْفَنَاءِ اور عالم بعد از وجود کے
لائق فنا ہونے کے ہی یعنی ایک دن ان سب نیست و نابود ہو جاویگا وَلَهُ صَانِعٌ اور عالم کا ایک بنانے والا ہی جو عدم
سے وجود مین لایا قَدِیْمٌ وہ صانع قدیم ہی ہمیشہ سے ہی اور ہمیشہ رہیگا وَاجِبُ الْوُجُوْدِ خود بخود ہی اوسنے سبکو بنایا
اوسکو کسی نے نہین بنایا وَاحِدٌ یکتا ہی حَیٌّ عَلِیْمٌ قَادِرٌ مُرِیْدٌ زندہ ہی دانا ہی قدرت والا ہی جو چاہتا ہی
کرتا ہی کیونکہ جسمین یہ صفتین نہون وہ لائق خدائی کے نہین مُتَکَلِّمٌ سَمِیْعٌ بَصِیْرٌ بے زبان کے گویا ہے کانون کے شنوا ہے
آنکھون کے بینا ہی کیونکہ گونگا اور بہرا اور اندھا ناقص ہی اور ناقص لائق خدائی کے نہین صِفَاتُہٗ قَدِیْمَۃٌ بَاقِیَۃٌ صفتین
اوسکی قدیم وباقی ہین جیسے اوسکی ذات قدیم ہی وَلَا یَقُوْمُ بِذَاتِہٖ حَادِثٌ اور کوئی چیز حادث اوسکی ذات مین قائم نہین
ہوتی یعنے ذات پاک خدا محل حوادث نہین ہی اور جتنے اوسکے صفات وکمالات ہین وہ سب ازل سے ثابت ہین

اسلیئے کہ محل حوادث کا حادث ہوتا ہے اور قدیم محل حوادث نہیں ہوتا ولیس بجسم ولا جوہر ولا عرض اور نہ وہ
جسم ہے یعنی طول و عرض و عمق نہیں رکھتا نہ جوہر ہے یعنی جزو لا یتجزی نہ عرض ہے یعنی حوادث جو کہ عرض ہیں کہ قائم بالغیر ہوتے ہیں
رنگ و بو و مزہ و لنبا و چوڑا ولا مصور اور نہ صورت رکھتا ہے ولا مرکب اور نہ مرکب ہے یعنی کئی چیزوں سے جوڑ کر بنا ہو
یعنی اوسکی ذات کے واسطے نہ اجزا ہیں کہ کئی چیزوں سے ملکر بنے ہوں نہ اجزاے تحلیلی کہ اوسکی ذات کا
نصف و ربع وغیرہ ہو سکے ولا متعدد اور نہ متعدد ہے کہ اوسکو گن سکیں کیونکہ وہ ایک ہے ولا محدود
اور نہ محدود ہے کہ جسکی نہایت ہو جیسے لنبا چوڑا و گولائی وغیرہ ولا فی جہۃ اور نہ کسی طرف
میں ہے یعنی اوپر نیچے نہ آگے پیچھے نہ داہنے بائیں ولا فی مکان اور نہ کسی مکان میں ہے ولا فی زمان اور نہ
کسی زمانے میں ہے یعنی زمانہ شامل و محیط اوسکا نہیں کیونکہ جب زمانہ نہ تھا تب بھی وہ موجود تھا اب کہ زمانہ ہے اب بھی موجود ہے
و ہمیشہ رہیگا نہیں کہہ سکتے کہ خدا ہزار برس یا لاکھ برس کا ہے ولا مثل لہ ولا شبیہ اور کوئی اوسکا ذات و صفات میں مثل یا
شبیہ نہیں ولا ضد ولا ند اور نہ کوئی اوسکا ضد ہے اور نہ مثل ہے کہ خلاف اوسکے کرسکے ولا ظہیر ولا معین اور نہ کوئی
مددگار ہے کہ اوسکے کاموں میں مدد کرے ولا یتحد بغیرہ اور اپنے غیر کے ساتھ ملکر ایک نہیں ہوتا کیونکہ دو
چیزوں کا حقیقت میں ایک ہونا محال ہے ولا یحل فی شئ اور کسی میں حلول نہیں کرتا کیونکہ غیر میں سمانا جسم کا
ہے جیسے پانی مٹی میں اور رنگ کپڑے میں متصف بجمیع صفات الکمال اور سب کمال کی صفتیں اوسکی ذات پاک میں موجود ہیں
منزہ عن سمات النقص والزوال پاک ہے سب نقص کی علامتوں اور زوال سے یعنی جو کچھ بقا اور کمال کی صفتیں ہیں وہ اوسکی
ذات پاک میں سب موجود ہیں اور جتنی نقصان و زوال کی ہیں اوس سے اوسکی ذات پاک منزہ ہے ویراہ المؤمنون یوم القیامۃ
اور خدا اپنے پاک اپنا دیدار قیامت کے دن مومنوں کو دکھلائیگا خالق الخلق اجمعین پیدا کرنے والا سب چیزوں کا ہے
یعنی زمین و آسمان اور سب جاندار اور انکے افعال و حرکات و سکنات کا ومقدر لہا اور تقدیر کرنے والا
تمام کاموں کا اور اندازہ کرنے والا سب چیزوں کا ہے عالم بجمیع المعلومات سب چیزوں کا جاننے والا کوئی ذرہ اوسکے
علم سے باہر نہیں لا یعزب عنہ مثقال ذرۃ اور کوئی چیز اوس سے چھپی نہیں ... فعال لما یرید اور جو ارادہ
کرتا ہے وہی کرتا ہے کیونکہ غرض والا محتاج ہوتا ہے اور اوسکا ہر ایک کام ... سے بھرا
ہوا ہے اوسکو کوئی نہیں کرسکتا ... اوسکے ذات و صفات ہیں
... کہ سوائے اوسکے ... حکم سے ... واجب ہے
... کا ... اور عقل ...
... للہ ملٰئکۃ اولو اجنحۃ مثنیٰ وثلاث ورباع اور خدا تعالیٰ کے فرشتے ہیں جنکے بعض ... دو یا چار
... ہیں جیسا کہ ... ان میں سے ایک جبرئیل علیہ السلام ہیں جو پیغمبروں پر وحی لاتے ہیں ... دوسرے میکائیل

بعض مخلوقات کو روزی پہنچاتے ہیں اور اسرافیل صور پھونکیں گے قیامت میں اور عزرائیل
جیسے عزرائیل جانوں کو قبض کرتے ہیں وَكُلٌّ لَّهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ اور ہر ایک کو ان میں سے خدا کی درگاہ
پاک میں ایک جگہ ہے اور جناب قرب و معرفت میں ایک مقام معلوم اور مرتبہ خاص ہے کہ اوس سے تجاوز نہیں کرتے
لَا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ وہ خدا کے حکموں کی نافرمانی نہیں کرتے اور جس بات کا انکو حکم ہوتا ہے
بے کم و کاست بجا لاتے ہیں وَلِلّٰهِ كُتُبٌ اَنْزَلَهَا عَلٰى رُسُلِهٖ اور اللہ جل جلالہ کی کتابیں ہیں جو اپنے بعض پیغمبروں پر اتاریں
مِنْهَا التَّوْرٰىةُ اور ان کتابوں میں سے ایک توریت ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ملی اور سب انبیائے بنی اسرائیل
اوسکے تابع تھے وَالزَّبُوْرُ دوسری زبور ہے جو حضرت داؤد علیہ السلام پر اتری وَالْاِنْجِيْلُ تیسری انجیل ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام
پر اتری وَالْفُرْقَانُ الْعَظِيْمُ چوتھی کتاب فرقان عظیم ہے جو اپنے حبیب مقبول محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل فرمائی
سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى اور نام خدا تعالیٰ کے توقیفی ہیں وَهُوَ خَالِقٌ لِاَفْعَالِ الْعِبَادِ اور بندوں کے کاموں کا پیدا کرنے والا خدا
ہی ہے اسواسطے کہ خالق سب چیزوں کا وہی ہے اور افعال و اعمال بندوں کے بھی سب چیزوں میں داخل ہیں عموماً اور
خصوصاً بھی خدا تعالیٰ نے فرمایا وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ یعنی اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا تمکو اور جو کام تم کرتے ہو فَالْكُفْرُ وَالْمَعْصِيَةُ
بِاِرَادَتِهٖ وَقَضِيَّتِهٖ وَتَقْدِيْرِهٖ یعنی کفر و عصیان اور اسیطرح طاعت و ایمان بندوں کے بھی سب اوسی کے ارادے
و تقدیر سے ہوتی ہیں لیکن خدا تعالیٰ کفر و معصیت سے راضی نہیں جیسا کہ فرمایا وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ اور
نہیں پسند کرتا اپنی بندوں سے کفر کو اور نیکی سے راضی ہے وَلِلْعِبَادِ اَفْعَالٌ اخْتِيَارِيَّةٌ يُثَابُوْنَ بِهَا وَيُعَاقَبُوْنَ عَلَيْهَا باوجود اسبات
کے کہ سب بارادہ و تقدیر الٰہی ہے بندوں کو بھی اعمال میں اختیار دیا گیا ہے کہ بندے اپنے کام اپنے ارادے
و اختیار سے کرتے ہیں نہ جبر و اضطرار سے کہ اوسی کے سبب ثواب پاتے ہیں اور اوسی پر عذاب ہوتا ہے
وَاللّٰهُ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اور خدا جسکو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور ہدایت کرتا ہے جسکو چاہتا ہے ہدایت و ضلالت
کا بندوں میں پیدا کرنے والا خدا ہی سبحانہ تعالیٰ ہے وَعَذَابُ الْقَبْرِ لِلْكَافِرِيْنَ وَالْفَاسِقِيْنَ وَتَنْعِيْمُ اَهْلِ الطَّاعَةِ
بِمَا يَعْلَمُهُ اللّٰهُ وَيُرِيْدُهٗ وَسُؤَالُ مُنْكَرٍ وَّنَكِيْرٍ حَقٌّ اور عذاب قبر کا فروں و بدکاروں کے واسطے اور نعمتیں
عابدوں مطیعوں کو اوس چیز سے کہ خدا جانتا ہے اور چاہتا ہے اور منکر و نکیر کا سوال حق ہے کہ وہ دونوں فرشتے
صورت نیلی نیلی آنکھوں والے قبر میں مردے کے پاس آتے ہیں اور سوال کرتے ہیں کہ پروردگار تیرا کون ہے رسول تیرا کون ہے
دین تیرا کیا ہے وَالْبَعْثُ حَقٌّ اور بعد مرنے کے قبروں سے مردوں کا زندہ ہو کر اوٹھنا حق ہے وَالْوَزْنُ حَقٌّ
اور عملوں کا تولا جانا حق ہے تا مقدار نیکی و بدی بندوں کو معلوم ہو ورنہ خدا علیم تو جانتا ہی ہے وَالْكِتَابُ حَقٌّ اور
نامہ اعمال مسلمانوں کو داہنے ہاتھ میں سامنے سے اور کافروں کو پیٹھ کے پیچھے سے بائیں ہاتھ میں ملنا حق ہے
وَالْحِسَابُ حَقٌّ اور حساب ایک ایک ذرہ نیکی و بدی کا حق ہے وَالسُّؤَالُ حَقٌّ اور پوچھنا خدا تعالیٰ کا بندوں سے

[illegible] کیا کام [illegible] ولیل [illegible]

کے لئے قیامت کے [illegible] بہشت کی [illegible]

اور [illegible] دوزخ [illegible]

[illegible] قیامت کو ایک پل دوزخ کی پشت پر ڈالے [illegible]

[illegible]

[illegible] اور بہشت [illegible]

اور [illegible] بہشت و دوزخ دونوں [illegible]

[illegible]

[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

اور قیامت کی سب [illegible] آخرت [illegible] علیہ الصلوۃ والسلام نے خبر دی ہے حق ہے

[illegible] دجال [illegible]

علیہ الصلوۃ والسلام کا آسمان سے اترنا [illegible] تمام قیامت [illegible] حق ہے

[illegible] والایمان تصدیق بالقلب واقرار باللسان اور ایمان [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

پاس سے لائے [illegible] اور زبان سے

اقرار کرنا [illegible] الایمان [illegible] والاسلام [illegible]

واسلام [illegible] اور کسی کو یہ کہنا [illegible] کہ میں مومن ہوں اگر خدا

[illegible] کیونکہ اس کہنے سے ایمان میں شک پائی جاتی ہے [illegible]

مقبول اور ایمان یاس کا مقبول نہیں یعنی وقت سکرات موت کے [illegible] احوال نظر آتے ہیں

کا ایمان لانا مقبول نہیں کیونکہ ایمان [illegible] اور ایمان [illegible]

من الایمان اور گناہ کبیرہ کرنا بندۂ مومن کو ایمان سے نہیں نکالتا [illegible] گناہ کر کے مومن کو کافر نہیں کرتا بلکہ

اور [illegible] اور گناہ کبیرہ والے مومن

دوزخ میں [illegible]

گناہوں کے [illegible] دوزخ میں [illegible]

[illegible] کی شفاعت سے [illegible] واللہ [illegible]

[illegible] اور حق تعالی شرک اور کفر کو ہرگز نہ بخشے گا اور سوائے شرک کے اور صغیرہ و کبیرہ گناہ جسکو چاہے گا

ويجوز العقاب على الصغيرة اور جو چاہے گناہ صغیرہ پر بھی عذاب کرے والله تعالى أرسل

الرسل من البشر إلى البشر مبشرين ومنذرين ومبينين للناس ما يحتاجون إليه من أمور الدنيا والدين

اور اللہ تعالی نے اپنے پیغمبر جنس انسان سے آدمیوں کے پاس بھیجے خوشی اور ڈر سنانے والے اور بتانے والے آدمیوں

کو دنیا و دین کے کام جس کے وہ محتاج ہیں وأيدهم الله بالمعجزات الباهرة والآيات الساطعة المبينة لليقين

اور خدا نے پیغمبروں کی مدد کی ظاہر معجزوں اور روشن نشانیوں سے جو مفید ہوتے یقین کی یعنی ہر ایک دعوی کے

ایک دلیل چاہیے اور پیغمبروں نے نبوت کا دعوی کیا تو ان کے ہاتھوں سے ایسے کام کر دکھائے جن سے آدمیوں کو یقین

ان کی نبوت کا یقین ہو وأول الأنبياء آدم عليه السلام وآخرهم محمد صلى الله تعالى عليه وسلم سب پیغمبروں میں

پہلے آدم علیہ السلام ہیں اور سب سے پیچھے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں والأولى أن لا يقتصر على عدد اور بہتر یہ ہے کہ گنتی مقرر نہ کرے

منهم من قصصنا عليك ومنهم من لم نقصص عليك اور سب پیغمبر خدا کے حکم پہنچانے والے سچے ہیں

گناہوں سے معصوم ہیں پیغمبری سے معزول نہیں ہوتے سب انبیاء علیہم السلام جو خبر دیتے ہیں سب سچ ہے

اور وہی کہتے ہیں خدا کی طرف سے کہتے ہیں اپنے طرف سے نہیں اور سب گناہ صغیرہ کبیرہ عمدا و سہوا سے پاک ہیں

وأفضل الأنبياء محمد صلى الله عليه وسلم اور سب پیغمبروں میں افضل محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں بل هو أفضل الخلق أجمعين

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بہت سے معجزے ہیں وله معجزات كثيرة ومعراجه في اليقظة بشخصه إلى السماء ثم إلى ما

شاء الله تعالى حق اور آنحضرت کی معراج بیداری میں مع جسم شریف کے آسمان تک پھر جہاں تک خدا تعالی نے چاہا

حق ہے وأمته خير الأمم اور آنحضرت کی امت سب امتوں سے بہتر ہے وشريعته أكمل الشرائع ودينه ناسخ الأديان

اور آنحضرت کی شریعت جامع سب شریعتوں کی ہے اور دین آنحضرت کا سب دینوں کا ناسخ ہے وأصحابه خيار الأمة

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سب امت سے بہتر ہیں وأفضلهم الخلفاء الأربعة أفضل الأصحاب اور چار یار

کہ خلفاء جانشین محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہیں سب اصحاب سے افضل ہیں يفضلهم على ترتيب الخلافة والمراد بالأفضلية

الكثرة الثواب اور ان کی فضیلت ترتیب خلافت پر ہے یعنی سب سے پہلے ابو بکر صدیق بعد عمر فاروق پھر عثمان ذی النورین پھر علی مرتضی

رضوان الله عليهم أجمعين اور فضیلت سے مراد زیادتی ثواب ہے ثم العشرة المبشرة اور بعد چاروں یاروں کے باقی عشرہ مبشرہ یعنی طلحہ زبیر

عبد الرحمن بن عوف وسعد بن ابی وقاص وسعید بن زید وابو عبیدہ بن الجراح صحابہ میں افضل ہیں

اہل بدر کی جو جنگ بدر میں شریک ہوئے اور اہل احد جو جنگ احد میں شریک ہوئے اور اہل بیعت الرضوان

اہل حدیبیہ فضیلت اہل بیت فاطمة سيدة نساء أهل الجنة والحسن والحسين سيدا شباب أهل الجنة اور فاطمہ رضی اللہ عنہا

سب بہشتی عورتوں کی سردار ہیں اور حسن حسین دونوں سردار ہیں جوانان اہل بہشت کے والخلافة بعد رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاثون سنة ثم ملك

خلافت بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تیس برس تک رہی بعد اس کے بادشاہت ہو گئی ونكف عن ذكر الصحابة إلا بخير اور صحابہ کا ذکر سوائے بھلائی کے نہ کریں

کریں وَالْمُجْتَہِدُ یُخْطِئُ وَیُصِیْبُ اور مجتہد جو قرآن و حدیث میں اپنی فکر و رائے سے اجتہاد کر کے مسئلے نکالتا ہے کبھی خطا بھی کرتا ہے

اور کبھی خطا نہیں کرتا اور صحیح صواب بھی کرتا ہے وَلَا نُکَفِّرُ اَحَدًا مِّنْ اَہْلِ الْقِبْلَۃِ اور اہل قبلہ کو جو مسلمان کہ قبلے کی طرف نماز پڑھتے ہیں

اور قرآن و حدیث کے ساتھ تمسک کرتے ہیں ان میں سے کسی کو کافر کہنا نہیں چاہیے یعنی جب تک کوئی قول اوس کا صریح کفر کا نہ پایا جائے

وَرُسُلُ الْبَشَرِ اَفْضَلُ مِنْ رُسُلِ الْمَلٰئِکَۃِ وَعَامَّۃُ الْبَشَرِ اَفْضَلُ مِنْ عَامَّۃِ الْمَلٰئِکَۃِ وَرُسُلُ الْمَلٰئِکَۃِ اَفْضَلُ مِنْ عَامَّۃِ الْبَشَرِ اور خاص آدمی کہ

انبیا و رسول ہیں جمیع ملائکہ سے افضل ہیں اور پیغمبر رسول فرشتوں میں سے عوام بشر جو اولیا و اتقیا ہیں انسے افضل ہیں اور عام ملائکہ سے اور خاص

ملائکہ افضل ہیں عوام بشر سے وَکَرَامَاتُ الْاَوْلِیَاءِ حَقٌّ اور اولیا کی کرامت حق ہے وَلَا یَبْلُغُ وَلِیٌّ دَرَجَۃَ الْاَنْبِیَاءِ اور کوئی ولی نہیں

پہنچ سکتا مرتبے کو نبی کے وَلَا یَصِلُ الْعَبْدُ اِلٰی حَیْثُ یَسْقُطُ عَنْہُ الْاَمْرُ وَالنَّہْیُ اور کوئی بندہ اس مرتبے کو نہیں پہنچتا

کہ احکام شرعی اور تکالیف شرعی اوس سے ساقط ہو جاویں وَالنُّصُوْصُ تُحْمَلُ عَلٰی ظَوَاہِرِہَا اور نصوص قرآن و حدیث کا ظاہر پر محمول

ہونا ضروری ہے وَالْعُدُوْلُ عَنْہَا اِلٰی مَعَانٍ یَدَّعِیْہَا اَہْلُ الْبَاطِنِ اِلْحَادٌ اور اس سے عدول کرنا اور کہنا کہ اس کا مراد دوسرا ہے جیسا کہ باطنیہ

کرتے ہیں کفر و الحاد ہے وَفِیْ دُعَاءِ الْاَحْیَاءِ لِلْاَمْوَاتِ وَصَدَقَتِہِمْ عَنْہُمْ نَفْعٌ لَہُمْ اور مردوں کی روح میں زندوں کے دعا کرنے اور صدقہ دینے

میں مردوں کی طرف سے فائدہ پہنچتا ہے وَاللّٰہُ یُجِیْبُ الدَّعَوَاتِ وَیَقْضِی الْحَاجَاتِ اور خدا تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے قبول کرنے والا

دعاؤں کا اور برلانے والا حاجتوں کا ہے وَیَمْلِکُ کُلَّ شَیْءٍ وَلَا یَمْلِکُہُ شَیْءٌ اور اہل سنت و جماعت کا مذہب یہ کہ ماہر نیکی و بدی

سمجھے جاوے اور روا ہے وَتَجْرِی الْاَحْکَامُ عَلَی الْغَیْبِ فِی الْحَضَرِ وَالسَّفَرِ اور اعتقاد کرنا چاہیے مسح موزہ کا حضر و سفر میں ساتھ

شبانہ روز اور مقیم کو ایک شبانہ روز وَاسْتِحْلَالُ الْمَعْصِیَۃِ کُفْرٌ گناہ کو حلال جاننا کفر ہے

اور سبک جاننا کفر ہے وَالْاِسْتِہَانَۃُ عَلَی الشَّرِیْعَۃِ وَالْاِہَانَۃُ بِہَا کُفْرٌ اور شریعت میں اور اسکی بات

وَالْاِسْتِہْزَاءُ بِالْکُفْرِ کُفْرٌ اور ہنسی کرنا کفر کے کلمے سے اگرچہ اوس پر اعتقاد نہ رکھے کیونکہ ہنسی سبب جانتے ہیں اور جب گناہ کا

سبک جاننا کفر ٹھہرا تو سبک جاننا کفر کا بطریق اولیٰ کفر ہے وَالرِّضٰی بِالْکُفْرِ کُفْرٌ اور راضی ہونا کفر سے کہ کلمہ کفر کا

بکے یا اگر کوئی کلمہ کفر کا اوس سے نکل جائے تو اوسکے کفر کا حکم کیا جائے گا وَتَصْدِیْقُ الْکَاہِنِ بِمَا یُخْبِرُہٗ عَنِ الْغَیْبِ

کُفْرٌ اور کاہن و منجم کا غیب کے بات میں سچ جاننا کفر ہے وَالْیَاْسُ مِنَ اللّٰہِ کُفْرٌ اور خدا کی رحمت سے

ناامید ہونا کفر ہے وَالْاَمْنُ مِنَ اللّٰہِ کُفْرٌ اور خدا کے عذاب سے بےخوف ہونا کفر ہے وَالْاِیْمَانُ بَیْنَ الْخَوْفِ وَالرَّجَاءِ ایمان

درمیان بیم و امید کے ہے سہو قلم سے کہیں گر کوئی ہو خطا ＋ کریں اوسکو اصلاح اہل صفا

قطعہ تاریخ از مترجم عفی عنہ

فضل احسان حمد کے پاک ہے	کر چکا میں ترجمہ تکمیل کا
اور سن ہجرت ہو کی آیہ یہ	ترجمہ تکمیل ایمان کا ہوا

تمت الترجمۃ مسماۃ بتصحیح الایمان